Department of
Education

GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

نوجوان لوگوں کے لیے کام کی دنیا میں شمولیت اختیار کرنے کی ضرورت

والدین اور نگہداشت کرنیوالوں کے لیے معلومات

طلباء کو کام کے بارے میں آجروں سے سیکھنے، ادا شدہ ملازمت اور ان مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے جن کی کام کی جگہ پر قدر کی جاتی ہے۔اس کا اطلاق تمام طلباء پر ہوتا ہے ، چاہے وہ یونیورسٹی میں براہ راست داخلے کی متلاشی ہوں، سکول چھوڑنے پر مزید ٹریننگ لینے کا ارادہ رکھتے ہوں ، یا افرادی قوت میں براہ راست جانے کی منصوبہ بندی کررہے ہوں۔

کام کی دنیا میں شمولیت اختیار کرکے نوجوان لوگوں کو سکول میں جو کچھ وہ پڑھتے ہیں اس کی افادیت سمجھنے میں مدد ملتی ہے، انکا افق وسیع ہوتا ہے، ان کی تمنائیں بڑھتی ہیں، اور مختلف قسم کے کام اور کیریئر کے راستے جو ان کے لیے کھلے ہوتے ہیں وہ نمایاں ہوتے ہیں۔

نوجوان لوگوں کو مواقع کی ضرورت ہوتی ہے:

- یہ ثابت کرنے کے لیے کہ وہ قابل بھروسہ ہیں
- یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ وہ کیسے کام کرتے ہیں
- اعتماد کو بڑھانے کے لیے
- مہارتیں سیکھنے کے لیے۔

نوجوان لوگوں کے لیے کام کی دنیا کا تجربہ حاصل کرنے کے مواقع میں شامل ہیں:

- جزو وقتی اور اتفاقی کام
- سکول پروگرام کے ذریعے کام کی جگہ پر سیکھنا اور کام کا تجربہ حاصل کرنا
- دوسروں کو کام کرتے ہوئے دیکھنا
- رضاکارانہ خدمات پیش کرنا
- کام کی جگہ پر دورہ کرنا
- کام کے ٹرائلز اور انٹرن شپس
- سپورٹس کلب
- کاروبار شروع کرنا اور 'نئے کاروبار'

اس تجربے سے وہ علم اور مہارتیں بڑھانے میں مدد ملے گی جس کی محفوظ اور دیرپا روزگار کے لیے، اور کام کی جگہ پر ترقی کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

کام کرنے کی صلاحیتیں پیدا کرنا

کام کرنے کی صلاحیتیں کام کی جگہ پر سب سے زیادہ قابل قدر ، مسلمہ اور قابل تعریف رویوں یا طور طریقوں میں تصورکی جاتی ہیں۔ آجر ملازمین کے لیے اس بات پر مزید زور دے رہے ہیں کہ ان کے پاس کام کی صلاحیتیں ہوں اور وہ ان کا مظاہرہ بھی کرسکیں۔

نیشنل سکلز کمیشن کی جانب سے نشاندہی کی گئیں ملازمت کی لازمی مہارتوں میں شامل ہیں:

- افراد کے درمیان باہمی اور لوگوں کیساتھ مل کرکام کرنے کی مہارتیں
- منظم ہونے اور منصوبہ کرنے کی مہارتیں قابل بھروسہ ہونا اور لگن
- تنقیدی سوچ اور مسائل کو حل کرنا
- بات چیت اور ٹیم کے طور پر کام کرنے کی مہارتیں
- موافقت اور لچک
- ڈیجیٹل خواندگی

D23/1255096
June 2023

CC BY
Exclusions may apply